© rasailojaraid.com



ابن شریعت سید عطاء المحسن شاہ بخاری

# اقرباء میرے کریں خون کا دعویٰ کس پر……!

حکومت کی طرف سے دینی مدارس کا نصاب تبدیل کرنے کا مطالبہ جہالت اور مداخلت ہے

حکومت دینی معاملات میں بے جا مداخلت سے باز رہے۔ حکومتی ارکان نے جب دینی نصاب پڑھا ہی نہیں تو اس کی اصلاح کا دعویٰ حماقت نہیں تو اور کیا ہے۔ جو آدمی دینی علوم کی "الف ب" بھی نہیں جانتا وہ ہمارے نصاب کو غلط کہتا ہے۔ یہ مسخرہ پنے کی بات ہے۔ مولوی غربت اور فقر کے باوجود دین کا چراغ روشن کئے ہوئے ہیں۔ حکومت اسکولز، کالجز پر کروڑوں روپیہ خرچ کرتی ہے بتائے وہاں سے کیا جنم لے رہا ہے؟ کھلاڑی، گویئے؟ ہیجڑے، جاگیرداروں کے "راکھویں" اور سیاست دانوں کے بغل بچے اور اس کے سوا پچاس برس کی پونجی کیا ہے۔ ہمارے ملک میں ہمیشہ حکومتیں ہی مذہبی طبقاتی کشمکش پیدا کرتی ہیں۔ اسی میں سیاسی مچھندروں کا مفاد ہے۔ حکومت مختلف طبقات کے لوگوں کو نوازنا چھوڑ دے تو طبقاتی کشمکش کی آگ بجھ جانے کی اس حوالے سے حکومتی بیانات قابل صد ملامت و مذمت ہیں۔ ایک طبقے کو تنقید و ملامت کا ہدف بنایا ہوا ہے اور دو طبقوں کی سرپرستی ہو رہی ہے……ع

اقربا میرے کریں خون کا دعویٰ کس پر

مجلس صیانۃ المسلمین پاکستان کا
انیسواں سہ روزہ سالانہ اجتماع
جامعہ اشرفیہ فیروز پور روڈ لاہور میں منعقد ہوگا
۲۰، ۲۱، ۲۲، جمادی الاخریٰ ۱۴۲۰ھ
۱، ۲، ۳، اکتوبر ۱۹۹۹ء
جمعہ ہفتہ اتوار
جس میں حضرت مولانا شاہ محمد اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے سلسلہ کے مجازین خلفاء کرام و دیگر علماء کرام و مشائخ عظام ہندو پاک کے علاوہ، دیگر ممالک سے شرکت فرمائیں گے،
تمام مسلمانوں سے شرکت کی استدعا ہے

نوٹ: انشاء اللہ تعالیٰ ۳، اکتوبر بروز اتوار بعد از نماز عشاء جامعہ اشرفیہ کے فضلاء کی دستار بندی ہوگی،
نوٹ: شرکت کے لئے باہر سے آنے والے حضرات کا قیام جامعہ میں ہوگا، موسم کے مطابق بستر ہمراہ لائیں
سہ روزہ اجتماع کے دوران روزانہ بعد نماز عصر حضرت حکیم الامت تھانویؒ کے سلسلہ کے خلفاء کرام کی اصلاحی مجالس کا خصوصی اہتمام ہوگا۔
منجانب: مجلس صیانتہ المسلمین پاکستان
رجسٹرڈ جامعہ اشرفیہ فیروز پور روڈ لاہور۔
فون: ۷۵۸۱۵۰۴
۵۸۶۲۲۷۸ - - ۸۵۰۵۸۲

© rasailojaraid.com